# PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT OF KHYBER PAKHTUNKHWA

No. PA/Khyber Pakhtunkhwa/L-II (Q) /2024/14491
Dated Peshawar, the 7/11/2024.

**MOST IMMEDIATE**
**ASSEMBLY BUSINESS**
**PH # 091-9210489 Ext: (1216)**

To,

All the Administrative Secretaries,
Government of Khyber Pakhtunkhwa.

Subject: - **ALLOTMENT OF DAYS FOR ANSWERING QUESTIONS FOR 5TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.**

Dear Sir,

I am directed to refer to the subject cited above and to inform you that under rule 37 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, Mr. Speaker has been pleased to allot days to various Administrative Departments in order of rotation for answering questions in the Provincial Assembly Session as at Annexure-I.

**2.** Questions in 49th, 50th, 51st, 52nd and 53rd groups as at Annexure-II will be taken-up 13th, 14th, 15th, 18th and 19th November, 2024, respectively, for the 5th Session of the Assembly. Moreover, replies to the questions, if already not sent, shall be sent at least two clear days before the day fixed for their replies.

**3.** In case of non receipt of reply to a question, blank question will be placed on the list of business, and in that case, any inconvenience caused to the Minister, the Department will be responsible.

**Note: -** **Allotment of days along-with list of questions can also be downloaded from the official website of the Provincial Assembly on the given link:- www.pakp.gov.pk**

Yours faithfully,

**(SARMAD ULLAH KHAN AFRIDI)**
**ASSISTANT SECRETARY-XI**

E. No. PA/Khyber Pakhtunkhwa/L-II (Q) /2024/ 14492-506 Dated 7 /11/2024.

Copy of the above is forwarded for information & necessary action to:-

1. All the Provincial Ministers, Khyber Pakhtunkhwa.
2. All the Advisors to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
3. All the Special Assistants to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
4. All the Honorable Members of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
5. The Principal Secretary to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
6. The Principal Secretary to Governor, Khyber Pakhtunkhwa.
7. All the Additional Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
8. The Additional Director IT, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
9. All the Deputy Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
10. All the Assistant Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
11. The Senior Private Secretary to Mr. Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Honorable Speaker.
12. The Private Secretary to Chief Secretary, Khyber Pakhtunkhwa for information of the Chief Secretary.
13. The Assistant Director Coordination & Protocol, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
14. The Private Secretary to Deputy Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Honorable Deputy Speaker.
15. The P.A to Special Secretary, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Special Secretary.

**Assistant Secretary-XI**

**ANNEXURE-I**

**ALLOTMENT OF DAYS FOR THE 5TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA**

| Group No. | Date of Sitting | Name of Departments |
|---|---|---|
| 49th | Wednesday 13th November, 2024 | • Minerals Development<br>• Industries, Commerce & Technical Education<br>• Excise, Taxation & Narcotics Control |
| 50th | Thursday 14th November, 2024 | • Finance<br>• Administration<br>• Irrigation<br>• Zakat, Ushr, Social Welfare & Women Empowerment |
| 51st | Friday 15th November, 2024 | • Food<br>• Energy & Power<br>• Higher Education, Archives & Libraries<br>• Elementary & Secondary Education |
| 52nd | Monday 18th November, 2024 | • Communication & Works<br>• Local Government, Elections & Rural Development<br>• Public Health Engineering |
| 53rd | Tuesday 19th November, 2024 | • Planning & Development<br>• Health<br>• Establishment<br>• Sports & Youth Affairs<br>• Home & Tribal Affairs |

**ANNEXURE-II**

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

پانچویں اجلاس کا انچاسواں گروپ

نشان زدہ سوالات(Starred Questions)

جو کہ 13 نومبر 2024ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Aug 06, 2024 -- 03:34 PM - Tue
**سوال نمبر Question # 408**
**Sent to Dept Date:** Aug 29, 2024 - Thu
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر معدنیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہذا میں فیس سٹرکچر و ریگولیشن کے لئے MIFA (منرلز انوسٹمنٹ فسیلیٹیشن اتھارٹی) کا قیام عمل میں لایا گیا ہے؟

(ب) اگر (الف) کو جواب اثبات میں ہو تو

(i) MIFA کے ممبران کی تعداد اور عہدے کیا ہے؟ جبکہ اس سے پہلے MIFA کے ممبران کی تعداد اور عہدے کیا تھا؟

(ii) اگر منرلز ایکٹ 2017 اور موجودہ منرلز ایکٹ کے MIFA کے ڈھانچے میں فرق ہے تو عوامی نمائندوں بشمول لیز ہولڈرز کی نمائندوں کو کیوں نکالا گیا ہے؟

**Notice Date :** Aug 06, 2024 -- 03:35 PM - Tue
**سوال نمبر Question # 409**
**Sent to Dept Date:** Aug 29, 2024 - Thu
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر معدنیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 600 چالو لیزوں کے ساتھ رائلٹی، آکشن و فیسوں سمیت محکمہ ہذا کی سالانہ ریونیو تقریباً 07 ارب روپے ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) محکمہ اگر ان بند 3200 لیزوں کے شروع کرنے کے لئے اقدامات اٹھائے تو صوبے کے سالانہ ریونیو میں کتنا اضافہ ممکن ہو گا؟ نیز ان 3200 لیزوں کو شروع کرنے سے تقریباً کتنے لوگوں کو روزگار مل سکتا ہے؟

(ii) کیا محکمہ ہذا ایسی بند لیزوں پر بھی سالانہ ایڈوانس اینول رینٹ لینے کا پابند ہے؟

(iii)، اور یہ کہ ایڈوانس اینول رینٹ لیٹ ہونے پر ماہانہ کتنا جرمانہ وصول کرتے ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 07, 2024 -- 03:32 PM - Wed
**Question # 404 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Aug 13, 2024 - Tue
**Mr Arbab Muhammad Usman Khan, Member Provincial Assembly**
Will the minister for Excise and Taxation states that:
(a) Are all vehicles on Khyber Pakhtunkhwa's roads duly registered with the department?
(b) If the answer is in affirmative then, explain why not?
(c) What is being done to ensure that vehicles are registered with the department and that the transfer is duly registered when there are transfers vehicles?
(d) What are mechanisms in place to assess penalties if vehicles have not been,1.Registered,transferred or being driven by other than the owner of their authorized person? Is there any process in place to check that?
(e) How many KP residents have registered their vehicles with the Islamabad registration authority? If the department doesn't have the data, please collect and provide it.
(f)Why are KP residents allowed to register vehicles in Islamabad?

**Notice Date :** Aug 07, 2024 -- 03:33 PM - Wed
**Question # 405 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Aug 13, 2024 - Tue
**Mr Arbab Muhammad Usman Khan, Member Provincial Assembly**
Will the minister for Excise and Taxation states that:
(a) Can the department provide information for the annual tax collected in KP and in Peshawar, separately?
(b)What are the categories for assessing tax , and how are they defined, such as category A,B,C?
(c) What is the total expected annual tax amount and how much is being collected? If any variance in the two figures, what is the reasons for that?

**Notice Date :** Sep 30, 2024 -- 04:35 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 496**
**Sent to Dept Date:** Oct 14, 2024 - Mon
**جناب جوہر محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صنعت و حرفت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع لکی مروت کی لکی سیمنٹ فیکٹری، کوہاٹ سیمنٹ فیکٹری کی طرح Corporate social responsibility فنڈ ڈپٹی کمیشنر کے اکاؤنٹ میں جمع کرتی ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو لکی سیمنٹ فیکٹری نے اپنے قیام سے اب تک کل کتنا کارپوریٹ سوشل ریسپونسی بیلٹی (CSR) فنڈ جمع کیا ہے ؟ اور یہ فنڈ کہاں، کس طرح اور کس کے ہاتھ سے خرچ کیا گیا ہے ؟ نیز اگر کوئی فنڈ جمع نہیں کیا گیا تو اس کی وجوہات بتائی جائے ؟

**Notice Date :** Oct 24, 2024 -- 04:31 PM - Thu
**سوال نمبر Question # 545**
**Sent to Dept Date:** Oct 29, 2024 - Tue
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر آبکاری، محاصل اور انسداد منشیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ ہذا نے گذشتہ تین سالوں میں کتنی گاڑیاں رجسٹر کی ہیں اور اس ضمن میں کتنی فیس وصول کی گئی ہے ؟ اس کی تفصیل ضلع وار فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

پانچویں اجلاس کا پچاسواں گروپ

## نشان زدہ سوالات(Starred Questions)

جو کہ 14نومبر 2024ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Aug 23, 2024 -- 11:06 AM - Fri
**سوال نمبر Question # 451**
**Sent to Dept Date:** Oct 28, 2024 - Mon
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بحالی وآبادکاری ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے رمضان پیکج کے تحت حلقہ وائز ایک کروڑ اور فی کس 10ہزار روپے دینے کا اعلان کیا تھا؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو اب تک کتنی رقم مستحقین کو ادا کی گئی اور کس طریقہ کار کے تحت ادا کی گئی؟آیا مذکورہ رقم منتخب نمائندوں ایم پی ایز کے ذریعے تقسیم کی گئی ہے یا نہیں؟تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 22, 2024 -- 10:00 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 536**
**Sent to Dept Date:** Oct 29, 2024 - Tue
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر آبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں واقع گومل زام پراجیکٹ موجود ہے؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو

(i)اس پراجیکٹ سے نہری نظام کے ذریعے پانی کی ترسیل کس طریقہ کار کے تحت بنائی گئی ہے؟

(ii)گومل زام سے منسلکہ علاقوں کیلئے موگہ جات کی درجہ بندی کس طریقہ کار کے تحت بنائی گئی ہے اور آیا مذکورہ پراجیکٹ کے ذریعے پانی کی ترسیل فعال ہے یا نہیں مکمل تفصیل مع دستاویزات فراہم کی جائے۔

(iii)کیا2022کے سیلاب سے متاثرہ گومل زام نہر اور اس سے نکلنے والی چھوٹی نہر وغیرہ اور موگہ جات کی مرمت کی گئی ہیں؟اس کے علاوہ R &M Funds سے اس نہر کیلئے سالانہ کتنی رقم رکھی گئی ہے اور وہ رقم ریلز ہوئی ہے یا نہیں؟

**Notice Date :** Oct 24, 2024 -- 04:32 PM - Thu
**سوال نمبر Question # 547**
**Sent to Dept Date:** Oct 29, 2024 - Tue
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا درست ہے کہ بینک آف خیبر کا اپنا قانونی ماہرین کا شعبہ موجود ہوتا ہے جو بینک کے قانونی مسائل اور عدالتی مقدمات کی پیروی کرتے ہیں؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) بینک کے قانونی شعبوں میں خدمات سرانجام دینے والے ماہرین اور افسران کے نام،ان کی تنخواہوں اور انہیں حاصل مراعات کی مکمل تفصیل فراہم کی جائیں؟

(ii) بینک آف خیبر کی طرف سے گزشتہ تین سالوں میں اب تک کل کتنے قانونی مقدمات لڑے گئے ہیں اور کتنے مقدمات میں کامیابی حاصل ہوئی ہے؟مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 24, 2024 -- 04:35 PM - Thu
**سوال نمبر Question # 546**
**Sent to Dept Date:** Oct 29, 2024 - Tue
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ بینک آف خیبر میں وائس پریزیڈنٹ اور اس سے اوپر کے عہدوں پر کام کرنے والے عہدیداران تعینات ہیں،اور ان عہدوں کے لئے مطلوبہ قابلیت کی ضرورت ہے؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہے،تو:

(i) بینک آف خیبر میں وائس پریزیڈنٹ اور اس سے اوپر کے عہدوں پر کتنے افسران تعینات ہیں؟براہ کرم ان کے نام،شناختی کارڈ نمبر،عہدہ،تعلیمی قابلیت

اور آڈٹ واکاؤنٹنگ کے حوالے سے ان کی کوالیفیکیشن کی تفصیلات بمع ثبوت فراہم کریں۔
(ii) کیاان اہم عہدوں پر فائزافسران کی رجسٹریشن انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈاکاؤنٹنٹس آف پاکستان کے ساتھ ہوئی ہے ؟اگر نہیں، تو براہ کرم اس کی تفصیلات اور وجوہات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Oct 24, 2024 -- 04:42 PM - Thu
**سوال نمبر Question # 548**
**Sent to Dept Date:** Oct 29, 2024 - Tue
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر انتظامیہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ
(الف) وفاقی اور صوبائی سروسز آفیسرز کی تعیناتی کس فارمولے اور کس طریقہ کار کے تحت کی جاتی ہے؟
(ب) مذکورہ آفیسرز کی فیلڈپوسٹنگز کی تفصیل فراہم کی جائیں۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

پانچویں اجلاس کا آکیاوناں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 15 نومبر 2024ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 09:39 AM - Mon
**Question # 256 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 25, 2024 - Tue
**جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**
کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ
(الف) سال 2018 تا 2023 کی اے ڈی پیز میں حلقہ PK-95 کے لئے کتنا فنڈز مختص کیا گیا تھا؟ اس میں کتنا جاری اور کتنا خرچ ہوا تھا؟
(ب) خرچ شدہ فنڈز کہاں کہاں اور کن کن سکیموں پر خرچ کیا گیا ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 09:55 AM - Mon
**Question # 241 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 25, 2024 - Tue
**Mr Mushtaq Ahmad Ghani, Member Provincial Assembly**
Will the Minister for Food state that:.
(a) Is it true that recruitments were made in the Caretaker government from January 2023 to 27th February 2024?
(b) If the answer is in affirmative then please provide all the recruitments detail in the following manner.
i. S No.
ii. Department
iii. Number of recruitments made
iv. Daily wage / contract/ regular / own source / etc
v. Date of recruitment
vi. Copies of recruitment letters to be provided with annexures

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:03 AM - Mon
**Question # 203 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 13, 2024 - Thu
**Mr Mushtaq Ahmad Ghani, Member Provincial Assembly**
Will the Minister for Elementary & Secondary Education states that:
(a) Is it true that recruitment have been made in the caretaker government from January, 2023 to 27th February, 2024?
(b) If the answer is in affirmative then please provide detail in the following manner.
i. S No.
ii. Department
iii. Number of recruitment made
iv. Daily wage / contract/ regular / own source / etc
v. Date of recruitment
vi. Copies of recruitment letters alongwith annexes.

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:04 AM - Mon
**Question # 202 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 13, 2024 - Thu
**Mr Mushtaq Ahmad Ghani, Member Provincial Assembly**
Will the Minister for Elementary & Secondary Education states that:
(a) Is it true that procurement have made in the Caretaker Government from January 2023 to 27th February 2024?
(b) If the answer is in affirmative then please provide detail in the following manner:-
i. S No.
ii. Department
iii. District wise procuring entity.
iv. Nature of procurement ( works/ services/ etc)
v. quantity of items procured
vi. Worth / cost of the procurement
vii. Source of funding ( ADP/ regular budget / own source accounts/ foreign funded projects / etc

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:15 AM - Mon
**سوال نمبر Question # 185**
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حلقہ پی کے 115 کلاچی ڈیرہ اسماعیل خان میں مختلف کیٹگیری کے سکول موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو حلقہ پی کے 115 کلاچی ڈیرہ اسماعیل خان میں تمام سکولوں کی تعداد بلحاظ درجہ مکمل تفصیل یونین کونسل وائز فراہم کی جائے نیز ان سکولوں میں اساتذہ کی تعداد، طلباء کی تعداد اور تعلیمی سہولیات وسرگرمیوں کی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:18 AM - Mon
**سوال نمبر Question # 187**
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ خیبر پختونخوا میں لائبریریاں قائم کی گئی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو یہ لائبریریاں کن کن اضلاع میں قائم کی گئی ہیں؟ ان لائبریریوں میں موجود کتابوں کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:21 AM - Mon
**سوال نمبر Question # 165**
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خوراک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سال 17-2016 اور 19-2018 میں صوبہ خیبر پختونخواہ کی سالانہ گندم پیداوار اور کھپت (Consumption) کتنی تھی؟

(ب) مذکورہ سالوں کے دوران کتنی گندم دوسرے صوبوں سے منگوائی گئی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:24 AM - Mon
**سوال نمبر Question # 162**
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر توانائی وبرقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں بجلی کے منصوبے لگانے کیلئے پیڈو کا ادارہ موجود ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ پیڈو صوبے میں بجلی پیدا کرنے والے منصوبوں کا مرکزی ادارہ ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو؟

(i) مذکورہ ادارہ نے معرض وجود میں آنے کے بعد صوبے میں کتنے منصوبے لگائے ہیں؟

(ii) مذکورہ منصوبوں پر کتنی لاگت آئی ہے؟ تمام منصوبوں کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے؟

(iii) مذکورہ منصوبوں سے سالانہ کتنی میگاواٹ بجلی پیدا ہوتی ہے؟ ان منصوبوں سے صوبے کو سالانہ کتنا فائدہ ہوگا تمام منصوبوں کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:25 AM - Mon
**سوال نمبر Question # 161**
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر توانائی وبرقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں خام تیل کے ذخائر موجود ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ان خام تیل کے ذخائر سے یومیہ ہزاروں بیرل تیل کی پیداوار حاصل ہوتی ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) اس وقت صوبے میں کتنے خام تیل کے ذخائر موجود ہیں ان کی تفصیل تحصیل و ضلع وائز فراہم کی جائے؟

(ii) نیز کنوؤں سے یومیہ کتنی بیرل پیداوار حاصل ہوتی ہے ان کی تفصیل کنواں وائز فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:34 AM - Mon
**سوال نمبر Question # 190**
**Sent to Dept Date:** Jun 14, 2024 - Fri
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 21-2020 میں ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں پی ٹی سی ودیگر اساتذہ کی آسامیاں مشتہر کی گئی تھیں ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) مذکورہ ضلع کے حلقہ پی کے 96 میں پی ٹی سی ودیگر کتنے اساتذہ کی آسامیاں مشتہر کی گئی تھیں ؟۔

(ii) مذکورہ ضلع بھر میں مشتہر شدہ آسامیوں کی تعداد کس فارمولے کے تحت کی گئی ؟۔

(iii) مذکورہ ضلع میں سکولوں کی تعداد اوران سکولوں میں مشتہر شدہ آسامیوں کی تعداد یونین کونسل وائز فراہم کی جائے

(iv) سال 2018 سے تاحال مذکورہ ضلع میں کتنے اساتذہ بھرتی کئے گئے ان کی حلقہ وائز، تعلیمی کوائف اور بھرتی طریقہ کار کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

پانچویں اجلاس کا باوناں گروپ

## نشان زدہ سوالات(Starred Questions)

جو کہ 18 نومبر 2024ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Sep 11, 2024 -- 10:05 AM - Wed
**Question # 465سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Oct 01, 2024 - Tue
**جناب ملک عدیل اقبال صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرآبنوشی ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ اے ڈی پی سال 19-2018، 20-2019 اور 21-2020 میں صوبے کی واٹر سپلائی اور سینی ٹیشن کی سکیموں کی تعمیر و بحالی کے لئے رقم مختص کی گئی تھی؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو مذکورہ سکیموں میں سے پی کے 48 ضلع ہری پور کے لیے کتنی سکیموں پر کام ہوا، ہر سکیم کی نوعیت، مقام کی تفصیل علیحدہ سال وائز فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 11, 2024 -- 10:10 AM - Wed
**Question # 467سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Oct 01, 2024 - Tue
**جناب ملک عدیل اقبال صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر مواصلات و تعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ 2018 سے 2023 تک پی کے 48 کے لیے رورل روڈز کی مد میں رقم فراہم کی گئی تھی؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو سال 2018 سے تاحال کتنی رقم فراہم اور کتنی خرچ کی گئی ہے روڈز کے نام یونین کونسل وائز فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 16, 2024 -- 02:40 PM - Wed
**Question # 528سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Oct 22, 2024 - Tue
**محترمہ عاصمہ عالم صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرآبنوشی ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ گزشتہ حکومت نے بجٹ میں تحصیل ٹوپی کے لئے پینے کے صاف پانی کے منصوبے منظور کیے تھے؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو مذکورہ منصوبوں کی تعداد کتنی تھی ان پر کل کتنا فنڈ خرچ کیا گیا ہے نیز مکمل شدہ اور نامکمل منصوبوں کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 21, 2024 -- 05:50 PM - Mon
**Question # 541سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Oct 29, 2024 - Tue
**جناب افتخار علی مشوانی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ ٹی ایم اے مردان کو 2015 سے لیکر 2024 تک مختلف ترقیاتی سکیموں کیلئے فنڈز مہیا کی گئی ہے؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو ٹی ایم اے مردان کو 2015 سے 2024 تک کتنا فنڈز فراہم کیا گیا ہے تفصیل فراہم کی جائے۔
نیز مذکورہ فنڈز سے کتنے سکیمیں اب تک مکمل کئے گئے ہیں اور کتنے نامکمل ہیں مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 21, 2024 -- 05:51 PM - Mon
**Question # 534سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Oct 29, 2024 - Tue
**جناب افتخار علی مشوانی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ 2013 سے لیکر 2024 تک ضلع مردان میں مختلف ہاوسنگ سکیموں، ہاوسنگ سوسائٹیز اور ٹاون شپ کو این او سی دی گئی ہیں؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو 2013 سے 2024 تک کن کن ہاوسنگ سکیموں، ہاوسنگ سوسائٹی اور ٹاؤن شپ کو این او سی جاری کیے گیے ہیں ان کی تفصیل فراہم کی جائے۔
نیز مذکورہ ہاوسنگ سکیموں کو کنس قواعد وضوابط کے تحت این او سی جاری کئے گئے ہیں۔ ان کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 22, 2024 -- 05:17 PM - Tue
**537 # Question**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 29, 2024 - Tue
**جناب افتخار علی مشوانی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ مردان میں پبلک ٹرانسپورٹ کے سرکاری اور نجی اڈے موجود ہیں؟

(ب)آیا یہ بھی درست ہے کہ سرکاری اڈے اور نجی اڈوں کے قیام کے لیے قواعد وضوابط موجود ہیں؟

(ج)اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو:

(i)سرکاری اڈوں کی تعداد کتنی ہے اور کہاں کہاں پر واقع ہیں مذکورہ اڈے کتنے رقبے پر محیط ہے تفصیل فراہم کریں

(ii)نجی اڈوں کی تعداد کتنی ہے کہاں کہاں پر واقع ہیں اور کس قانون کے تحت قائم کئے گئے ہیں مکمل تفصیل فراہم کرے

(iii)ان ٹرانسپورٹ اڈوں کو شہری حدود سے باہر لے جانے کا حکومت کا کوئی پروگرام ہے؟

**Notice Date :** Oct 22, 2024 -- 05:18 PM - Tue
**542 # Question**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 29, 2024 - Tue
**جناب افتخار علی مشوانی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ مردان میں رجسٹرڈ اور غیر رجسٹرڈ سبزی منڈیاں موجود ہیں؟

(ب)اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مردان میں رجسٹرڈ سبزی منڈیاں اور غیر رجسٹرڈ سبزی منڈیاں کہاں کہاں پر واقع ہیں؟
ان میں سے سٹی کے اندر موجود سبزی منڈیوں کو حکومت شہری حدود سے باہر منتقل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

پانچویں اجلاس کا تریپنواں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 19 نومبر 2024ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 09:33 AM - Mon
**سوال نمبر Question # 266**
**Sent to Dept Date:** Jun 25, 2024 - Tue
**جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پی پی ایچ آئی ایک غیر سرکاری ادارہ ہے؟ لیکن اس کے باوجود صوبائی حکومت نے سال 2018 سے 2022 تک بجٹ میں اس کے لیے فنڈز مختص کرتی رہی ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ دیگر صوبوں نے اس ادارے پر پابندی لگائی ہوئی ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے اجوابات اثبات میں ہوں تو

(i) حکومت نے مذکورہ عرصہ کے دوران بجٹ میں کتنی رقم مختص کی تھی سال وائز تفصیل فراہم کی جائے

(ii) مذکورہ ادارہ کس کی سرپرستی میں کام کر رہا ہے اس شخص / ادارے کا نام اور اگر کسی سیاسی پارٹی سے وابستگی ہے تو اس پارٹی کا نام بھی بتایا جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 09:43 AM - Mon
**سوال نمبر Question # 263**
**Sent to Dept Date:** Jun 25, 2024 - Tue
**جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے کے متعدد سرکاری ملازمین پی پی ایچ آئی میں تعینات تھے / ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) سال 2022 سے 2024 تک مذکورہ پراجیکٹ میں تعینات شدہ ملازمین کی تعداد اور ان کے عہدوں کی تفصیل فراہم کی جائے

(ii) مذکورہ سرکاری ملازمین کی تاحال پراجیکٹ میں موجودگی کی وجوہات بتائی جائیں ۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:06 AM - Mon
**سوال نمبر Question # 200**
**Sent to Dept Date:** Jun 13, 2024 - Thu
**Mr Mushtaq Ahmad Ghani, Member Provincial Assembly**
Will the Minister for Home states that:
(a) Is it true that procurement have been made in the Caretaker Government from January , 2023 to 27th February, 2024?
(b) If yes please provide all the procurement detail in Police department in the following manner.
i. S No.
ii. Procuring Entity along with the district
iii. Nature of procurement ( works/ services/ etc)
iv. Detail and quantity of items procured
v. Worth / cost of the procurement
vi. Source of funding ( ADP/ regular budget / own source accounts/ foreign funded projects / etc

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:17 AM - Mon
**سوال نمبر Question # 158**
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سالانہ ترقیاتی پروگرام 21-2020 کے لیے صوبے میں بنیادی مراکز صحت کی استعداد کار بڑھانے کیلئے منصوبہ شامل کیا گیا تھا؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں کتنے بنیادی مراکز صحت ہیں؟ اور ان میں سے کن کن بنیادی مراکز صحت کی استعداد کار کو بڑھایا گیا ہے؟ تحصیل وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:20 AM - Mon
**سوال نمبر Question # 166**
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ :-

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ڈیرہ اسماعیل خان میں ایک Child Care Hospital & Mother تعمیر کرنا چاہتا ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تواب تک اس کی تعمیر کے حوالے سے کتنا ہوم ورک مکمل کیا گیا ہے نیز مذکورہ ہسپتال ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں کس جگہ پر تعمیر کیا جائے گا؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:23 AM - Mon
**سوال نمبر Question # 163**
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر کھیل ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) صوبہ خیبر پختونخوا میں سال 20-2019 اور 2021 کے کرکٹ سیزن میں کتنے فرسٹ کلاس میچز کھیلے گئے ؟

(ب) صوبہ خیبر پختونخوا میں فرسٹ کلاس Grade-1 معیار کے کتنے میدان Stadiums موجود ہیں ضلع وائز تفصیل فراہم کی جائے -

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:29 AM - Mon
**سوال نمبر Question # 189**
**Sent to Dept Date:** Jun 14, 2024 - Fri
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر منصوبہ بندی وترقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ مالی سال 19-2018، 20-2019 اور 21-2020 کے ترقیاتی پروگرام میں ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کیلئے منصوبہ بندی کی گئی تھی؟

ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:-

(i) مالی سال 19-2018، 20-2019 اور 21-2020 کے ترقیاتی پروگرام میں ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کیلئے کتنے نئے منصوبے شروع / منظور کئے گئے تھے ؟

(ii) ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں مالی سال 19-2018 اور 20-2019 کے دوران جاری ترقیاتی منصوبوں کی تفصل، کام کی نوعیت اور مدت تکمیل کی تفصیل الگ الگ فراہم کی جائے۔

(iii) ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں مالی سال 19-2018 اور 20-2019 میں جاری منصوبوں کا تخمینہ لاگت کتنا ہے اور ضلع کے کون کونسے حلقوں میں یہ منصوبے جاری ہیں تمام منصوبوں کی حلقہ وائز تفصیل فراہم کی جائے

(iv) مالی سال 21-2020 کے نئے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کیلئے جو نئے منصوبے شامل ہوئے ہیں ان کی حلقہ وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:56 AM - Mon
**سوال نمبر Question # 271**
**Sent to Dept Date:** Jun 25, 2024 - Tue
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پولیس ایکٹ سال 2017 کی دفعہ نمبر 32 کے مطابق ان سروس گریجویٹ کانسٹیبلان / ہیڈ کانسٹیبل کی ASI فاسٹ ٹریک پروموشن بذریعہ پبلک سروس کمیشن کوٹہ 25 فیصد رکھی گئی تھی؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ پولیس ایکٹ 2017 کے بعد اس کو سال 2020 میں ترمیم کرکے 20 فیصد کردیا گیا تھا؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ سال 2018 میں جنرل کوٹہ 25 فیصد کے تحت اے ایس آئی کی کل آسامیاں 420 مختص کی گئیں جبکہ پولیس ان سروس فاسٹ ٹریک پروموشن ASI اشتہار 05/2019 کے وقت 25 فیصد کوٹہ کے حساب سے 441 آسامیاں بنتی تھیں جس کو خود آئی جی صاحب نے پبلک سروس کمیشن کو مشتہر کرنے کیلئے تحریر بھی کیا تھا مگر اس کے باوجود 441 آسامیوں کے بجائے صرف 75 آسامیاں مشتہر ہوئیں جس سے پولیس اہلکاران کی حق تلفی ہوئی ہے ؟

(د) آیا یہ بھی درست ہے کہ سال 2014 میں پولیس ASI ان سروس گریجویٹ کنسٹیبل اور ہیڈ کنسٹیبل 19 فیصد کوٹہ کے تحت کل 324 آسامیاں مشتہر ہوئی تھیں جس میں سے 16 آسامیاں بھر گئیں اور 308 خالی رہ گئیں، وہ خالی آسامیاں کیوں دوبارہ مشتہر نہیں ہوئیں؟

(ھ)اگر(الف)تا(د) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i)پولیس ایکٹ 2017 کی دفعہ نمبر 32 کے مطابق پورا کوٹہ کیوں نہیں دیا گیا، تفصیل کے ساتھ وجوہات بیان کی جائیں۔

(ii)فاسٹ ٹریک پروموشن اے ایس آئی کوٹہ کی تفصیل سال 2019 فراہم کی جائے۔

(iii)گریجویٹ کانسٹیبلان / ہیڈ کانسٹیبلان پبلک سروس کمیشن کوالیفائڈ حاضر سروس اہلکاران / امیدواران وغیرہ جن کی تعداد تقریباً 150 بنتی ہیں ویٹنگ لسٹ کی پروموشن نہ ہونے کی وجوہات بیان کی جائیں۔

(iv)محکمہ پبلک سروس کمیشن کے ذریعے فاسٹ ٹریک پروموشن اے ایس آئی کا نیا اشتہار جاری کرنے جارہا ہے جس سے قبل کوالیفائڈ کمیشن امیدواران کو پروموٹ نہ کرنے کی وجوہات بیان کرے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 11:17 AM - Mon
**سوال نمبر Question # 226**
**Sent to Dept Date:** Jun 14, 2024 - Fri
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر داخلہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع لوئر کوہستان میں دو عدد پولیس سٹیشن ( تھانہ جات ) موجود ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ پولیس سٹیشنز میں عملہ بھی تعینات ہیں؟

(ج)اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ پولیس سٹیشنز میں تعینات عملہ کی تفصیل فراہم کی جائے نیز مزید کتنا عملہ ضلع کیلئے درکار ہے اور یہ کمی کب تک پوری کی جائیگی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 11:18 AM - Mon
**سوال نمبر Question # 227**
**Sent to Dept Date:** Jun 14, 2024 - Fri
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر داخلہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع لوئر کوہستان میں صرف دو پولیس سٹیشن (تھانہ جات) ہیں؟

(ب)اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کیا دو پولیس سٹیشن پورے ضلع کیلئے کافی ہیں یا مزید پولیس سٹیشن بنانے کی ضرورت ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 11:22 AM - Mon
**سوال نمبر Question # 218**
**Sent to Dept Date:** Jun 13, 2024 - Thu
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حلقہ PK-32 لوئر کوہستان میں مختلف قسم کے BHUs اور RHCs کے ساتھ ایک THQ ہسپتال بھی موجود ہے؟

(ب)اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i)مذکورہ BHUs اور RHCs میں کتنے فعال اور غیر فعال ہیں؟ غیر فعال کی وجوہات بتائی جائیں۔

(ii)مذکورہ THQ ہسپتال پٹن میں کون کونسا عملہ تعینات ہے اور اہل علاقہ کو کیا کیا سہولیات دی جارہی ہیں؟

(iii)آیا THQ ہسپتال دونوں تحصیلوں کے لئے کافی ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 11, 2024 -- 11:23 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 208**
**Sent to Dept Date:** Jun 13, 2024 - Thu
**جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت کی طرف سے صوبے کی عوام کو صحت کارڈ کے ذریعے علاج معالجے کی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں؟

(ب)اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ صحت کارڈ کے تحت کون کونسی بیماریوں کا علاج / آپریشن کس طریقے کار کے تحت کیا جارہا ہے۔ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 11, 2024 -- 11:34 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 306**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2024 - Tue
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ ایل آر ایچ ہسپتال پشاور میں سرکاری ملازمین کے طبی ٹسٹ مفت ہوتے تھے ؟

(ب)آیایہ بھی درست ہے کہ سرکاری ملازمین سے موجودہ حکومت نے مفت طبی ٹسٹ کی سہولت واپس لی ہے ؟

(ج)اگر(الف)اور(ب)کے جوابات اثبات میں ہوں توحکومت مفت طبی ٹسٹ بند کرنے کی وجوہات بتائے نیز حکومت کب تک سرکاری ملازمین کو مذکورہ سہولیات فراہم کرنے کاارادہ رکھتی ہے تفصیل فراہم کیاجائے۔

**Notice Date :** Jun 13, 2024 -- 03:31 PM - Thu
سوال نمبر **Question # 269**
**Sent to Dept Date:** Jun 24, 2024 - Mon
**جناب محمد یامین صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر عملہ (اسٹیبلیشمنٹ)ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ھے کہ اٹھارویں ترمیم کے بعد بھی صوبہ خیبر پختونخوامیں چیف سیکرٹری کی تعیناتی وفاقی حکومت کے ذمے ہے ؟

(ب)آیایہ بھی درست ہے کہ وفاقی آفیسرز(PAS) کا محاسبہ اور مواخذہ صوبائی حکومت اور وزیر اعلیٰ نہیں کر سکتا؟

اگر(الف)و(ب)کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i)کیاخیبر پختونخوامیں سینئر ترین اور قابل ترین آفیسرز موجود ہونے کے باوجود وفاقی حکومت کی طرف سے صوبائی افسر کوچیف سیکرٹری تعیناتی نہ کرنااُنکے ساتھ زیادتی اور حق تلفی نہیں ہے ؟

(ii)چیف سیکرٹری کی تعیناتی کے حوالے سے قانون اور رولز کے مطابق وزیر اعلی یاوزیر اعظم کے اختیارات کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 13, 2024 -- 03:33 PM - Thu
سوال نمبر **Question # 305**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2024 - Tue
**جناب عبید الرحمان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ تیمر گرہ میڈیکل کالج میں درس وتدریس کاعمل شروع ہو چکاہے ؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو:

(i) تیمر گرہ میڈیکل کالج میں زیر تعلیم طلباء وطالبات کی کل تعداد کتنی ہے ؟زیر تعلیم طلباء وطالبات کے نام بمعہ پوسٹل ایڈریس مہیاکئے جائیں

(ii) تیمر گرہ میڈیکل کالج میں کل کتنا عملہ ڈیوٹی سرانجام دے رہا ہے ؟

(iii)تنخواہ لینے والے تدریسی وغیر تدریسی عملے کانام،عہدہ،سکیل اور شناختی کارڈنمبر بمعہ مکمل ایڈریس فراہم کئے جائیں۔